فوری ریلیز کے لیے: 22/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

معذوری کے ساتھ باوقار شناخت کے مہینے کے دوران، گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ بورو ہال سب وے اسٹیشن پر رسائی کو بہتر بنانے کے اہم کام اب مکمل ہو چکے ہیں

تین نئی لفٹس سڑک، میزانائن اور پلیٹ فارم کی سطحوں کو آپس میں جوڑتی ہیں
اس پروجیکٹ میں بنیادی مرمت و بحالی کے بڑے کام شامل ہیں

گورنر Hochul کی قیادت میں سب وے کو قابلِ رسائی بنانے کی خاطر MTA کی تاریخی سرمایہ کاری کا سلسلہ جاری ہے؛ اب 160 اسٹیشن مکمل طور پر قابلِ رسائی ہیں

نیو یارک میں معذوری کے ساتھ باوقار شناخت کا مہینہ (Disability Pride Month) منائے جانے کے موقع پر، گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA) نے بورو ہال سب وے اسٹیشن پر رسائی کو بہتر بنانے کے اہم کاموں، نیز بنیادی مرمت و بحالی کے کام کی تکمیل کا جشن منایا، جس کے نتیجے میں 118 سال پرانا یہ اسٹیشن معذوریوں کے حامل امریکی شہریوں کے ایکٹ (Americans with Disabilities Act, ADA) کے مطابق مکمل طور پر قابلِ رسائی بن گیا ہے۔ بورو ہال کے بڑے کمپلیکس کے اس حصے میں، جہاں 4 اور 5 ٹرینیں چلتی ہیں، بہتری کے یہ اقدامات روزانہ 22,000 مسافروں کو فائدہ پہنچائیں گے۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں رسائی سے متعلق تاریخی اپ گریڈز حاصل کرنے والے سب وے اسٹیشنوں کی فہرست میں بورو ہال تازہ ترین اضافہ ہے۔ 2021 سے اب تک 34 سب وے اسٹیشنوں کو مکمل طور پر قابلِ رسائی بنایا جا چکا ہے، جس کے بعد پورے نظام میں مکمل طور پر قابلِ رسائی اسٹیشنوں کی مجموعی تعداد اب 160 ہو گئی ہے۔ سب وے نظام میں رسائی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اس وقت مزید 34 اسٹیشنوں پر کام جاری ہے۔

"بورو ہال، ڈاؤن ٹاؤن بروکلین کی تمام سہولیات تک رسائی کا ایک اہم ذریعہ ہے، لیکن ایک طویل عرصے تک یہ ٹرانزٹ مرکز سب کے لیے قابلِ رسائی نہیں تھا؛ آج بالآخر یہ صورتحال بدل رہی ہے،**" گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "نیو یارک کے ٹرانزٹ نظام کا احیائے نو ہمارے شہر کی شہ رگ میں کی گئی تاریخی سرمایہ کاری کا نتیجہ ہے، اور رسائی سے متعلق انتہائی ضروری اپ گریڈز اور بنیادی ڈھانچے کی مرمت کی انجام دہی کرنے والا اس نوعیت کا پروجیکٹ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ جب آپ ٹرانزٹ میں سرمایہ کاری کرتے ہیں تو پوری کمیونٹی کو ترقی کرنے میں مدد ملتی ہے۔"

رسائی سے متعلق اپ گریڈز کے تحت تین نئی لفٹس شامل کی گئی ہیں، جن میں ایک سڑک سے میزانائن تک اور دو میزانائن سے دونوں سمتوں کے پلیٹ فارمز تک جانے والی لفٹس ہیں۔ اس کے علاوہ، پروجیکٹ کے عملے نے پلیٹ فارم کے کناروں اور ابھری ہوئی نشاندہی والی پٹیوں کی تعمیرِ نو کی اور ADA کے مطابق سوار ہونے کے لیے نئے مقامات نصب کیے۔ رسائی سے متعلق دیگر اپ گریڈز کے تحت اسٹیشن ایجنٹ کے بوتھ میں تبدیلیاں اور ملازمین کے لیے ایک نیا قابلِ رسائی بیت الخلا بھی شامل ہے۔ اس پروجیکٹ کے تحت عمر اور پانی کے رساؤ کے باعث ڈھانچے کو پہنچنے والے نمایاں نقصان کا بھی ازالہ کیا گیا۔ اسٹیشن کی چھت کی تزئین و مرمت کی گئی، جبکہ روشنی، مواصلات، فائر الارم، پلمبنگ، نکاسی آب اور اسٹیشن کے دیگر اہم نظاموں کو اپ گریڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ، 1908 کے اصل انٹربورو ریپڈ ٹرانزٹ کمپنی (Interborough Rapid Transit Company) اسٹیشن کے 1,000 مربع

فٹ تاریخی ٹائل موزیکس کو بحال کیا جا رہا ہے اور دوبارہ نصب کیا جا رہا ہے تاکہ وہ آنے والی نسلوں تک برقرار رہیں۔

MTA کے چیئر اور CEO Janno Lieber (جینو لیبر) نے کہا، "بورو ہال اسٹیشن تیزی سے ترقی کرتے ہوئے ڈاؤن ٹاؤن بروکلین کا دھڑکتا ہوا دل ہے۔ اور وفاقی IIJA فنڈنگ کی بدولت، اب یہ ADA کے مطابق قابلِ رسائی اور ہمارے مسافروں کے لیے کہیں زیادہ فعال ہے۔"

MTA کنسٹرکشن اینڈ ڈویلپمنٹ (MTA Construction and Development) کے صدر Jamie Torres-Springer (جیمی ٹوریس-اسپرنگر) نے کہا، "بورو ہال میں قابلِ رسائی سہولیات فراہم کرنے کے لیے محتاط ہم آہنگی کی ضرورت تھی جبکہ اسی اثنا میں بروکلین کے ایک مصروف ترین اسٹیشن پر سروس بھی برقرار رکھی گئی۔ یہ سب MTA کے اس عزم کا حصہ ہے کہ ایسا ٹرانزٹ نظام فراہم کیا جائے جس پر نیو یارک کا ہر شہری بھروسہ کر سکے اور معذوری کے ساتھ باوقار شناخت کے مہینے کے دوران اس سنگِ میل کا جشن منانے سے اس کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔"

MTA چیف ایکسیسبلٹی افسر MTA Chief Accessibility Officer) Quemuel Arroyo (کیمیول ارویو) نے کہا، "بورو ہال ڈاؤن ٹاؤن بروکلین کے ٹرانزٹ نیٹ ورک کا ایک بنیادی ستون ہے اور ہر مسافر محفوظ، قابلِ رسائی اور قابلِ اعتماد سروس کا حق دار ہے۔ یہ پروجیکٹ ظاہر کرتا ہے کہ دانشمندانہ وفاقی سرمایہ کاری سے کیا کچھ حاصل ہو سکتا ہے، یعنی ملک کے سب سے بڑے ٹرانزٹ نظام کو جدید بناتے ہوئے اسے نیو یارک کے لاکھوں شہریوں کے لیے مزید قابلِ رسائی اور قابلِ اعتماد بنایا جا سکتا ہے۔"

نیو یارک سٹی ٹرانزٹ (New York City Transit) کے صدر Demetrius Crichlow (ڈیمٹریس کرچلو) نے کہا، "مجھے بے حد خوشی ہے کہ اب نیو یارک کے شہری ڈاؤن ٹاؤن بروکلین میں زیادہ قابلِ رسائی اور بلا رکاوٹ سفر کر سکتے ہیں، چاہے وہ نقل و حرکت کا کوئی ذریعہ استعمال کرتے ہوں، اسٹرولر دھکیل رہے ہوں، سامان لے جا رہے ہوں یا انہیں صرف لفٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہو۔ نئی لفٹس کی تنصیب اور بنیادی مرمت و بحالی کے وسیع پیمانے پر کیے گئے کاموں جیسی اسٹیشنوں میں کی جانے والی بہتریاں، تمام مسافروں کو تیز، قابلِ اعتماد اور محفوظ سروس فراہم کرنے کے حوالے سے ہمارے مشن کے لیے نہایت اہم ہیں۔"

سینیٹر Charles Schumer (چارلس شومر) نے کہا، "بورو ہال بروکلین کے ٹرانزٹ کے مرکزی مقامات میں سے ایک ہے، اور یہ فنڈز، جنہیں دو جماعتی بنیادی ڈھانچے اور جابز کے قانون (Bipartisan Infrastructure and Jobs Law) میں شامل کروانے کے لیے میں نے بھرپور کوشش کی، مسافروں کا معیارِ زندگی بہتر بنائیں گے اور سب کے لیے عوامی ذرائع آمد و رفت تک زیادہ رسائی فراہم کریں گے، جن میں نیو یارک کے معذوریوں کے حامل وہ شہری بھی شامل ہیں جو ایک طویل عرصے سے ہمارے عوامی ٹرانزٹ کے نظام تک محدود رسائی کے باعث مشکلات برداشت کرتے آئے ہیں،" Schumer (شومر) نے کہا۔ "MTA کی بدولت، رسائی سے متعلق یہ انتہائی ضروری اپ گریڈز مقامی معیشت کو آگے بڑھائیں گے، اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کے مواقع پیدا کریں گے، اور اہم خدمات تک رسائی میں اضافہ کریں گے۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand (کرسٹن جیلیبرانڈ) نے کہا، "نیو یارک کے تمام شہری محفوظ اور قابلِ اعتماد عوامی ذرائع آمد و رفت کے حق دار ہیں، اور بورو ہال سب وے اسٹیشن میں بہتریوں کے یہ اقدامات اس ہدف کے حصول کی جانب ایک اہم قدم ہیں،" سینیٹر Gillibrand (جیلیبرانڈ) نے کہا۔ "مجھے فخر ہے کہ میں نے دو جماعتی بنیادی ڈھانچے کے قانون (Bipartisan Infrastructure Law) کے ذریعے اس پروجیکٹ کے لیے فنڈنگ فراہم کی اور میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام جاری رکھوں گی کہ نیو یارک کے تمام شہریوں کو ذرائع آمد و رفت کے اس نیٹ ورک تک رسائی حاصل ہو جس کے وہ حق دار ہیں۔"

نمائندہ Dan Goldman (ڈین گولڈمین) نے کہا، "مجھے بے حد خوشی ہے کہ گورنر نے بروکلین کے بورو ہال اسٹیشن میں رسائی سے متعلق بہتریوں کا اعلان کیا جو شہر میں ٹرانزٹ کا ایک اہم ترین مرکز ہے۔ یہ لفٹس میرے دفتر کی ترجیحات میں شامل رہی ہیں، کیونکہ یہ اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ نیو یارک کے ہر طرح کی صلاحیتوں

کے حامل شہری ہمارے عالمی شہرت یافتہ سب وے نظام پر بھروسہ کر سکیں۔ عوامی ذرائع آمد و رفت کو سب کے لیے کارآمد ہونا چاہیئے۔"

ریاستی سینیٹر Andrew Gounardes (اینڈریو گونارڈیس) نے کہا، "سب وے نیو یارک کے تمام شہریوں کا ہے اور اسے نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے قابلِ رسائی ہونا چاہیئے۔ یہ اسٹیشن ہمارے ٹرانزٹ نیٹ ورک کا ایک مرکزی مقام ہے، اور اسے مکمل طور پر قابلِ رسائی بنانا بروکلین کے بہت سے شہریوں کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے: وہیل چیئر استعمال کرنے والے افراد یا سیڑھیاں چڑھنے میں دشواری محسوس کرنے والے افراد سے لے کر، ان افراد تک جو اپنے بچے کا اسٹرولر دھکیل رہے ہوتے ہیں اور ان لوگوں تک جو بھاری سامان لے کر کام پر جاتے ہیں۔ لفٹ استعمال کرنے کی وجوہات اتنی ہی متنوع ہیں جتنے ٹرین میں سفر کرنے والے نیو یارک کے شہری ہیں۔ میں نے ان اپ گریڈز کے لیے فنڈ حاصل کرنے کی جدوجہد کی، کیونکہ میں جانتا ہوں کہ ہر قابلِ رسائی اسٹیشن مسافروں کے لیے امکانات کی ایک نئی دنیا کے دروازے کھولتا ہے۔ یہ کام مکمل کرنے پر MTA کا شکریہ۔"

رکن اسمبلی Jo Anne Simon (جو این سائمن) نے کہا، "ہم ایک طویل عرصے سے بورو ہال اسٹیشن پر رسائی سے متعلق اپ گریڈز کا انتظار کر رہے تھے اور ہمیں بے حد خوشی ہے کہ بالآخر وہ دن آ گیا۔ بروکلین کے مصروف ترین ٹرانزٹ مراکز میں سے ایک کو مکمل طور پر قابلِ رسائی اسٹیشن میں تبدیل کرنا ایک پیچیدہ کام تھا، جس کے لیے جدت اور ثابت قدمی کی ضرورت تھی۔ معذوریوں کے حامل نیو یارک کے شہریوں، بزرگ افراد، اسٹرولر استعمال کرنے والے والدین، اور نقل و حرکت میں مشکلات کا سامنا کرنے والے افراد کے لیے عوامی ٹرانزٹ کے استعمال کو یقینی بنانے کے لیے قابلِ رسائی ٹرانزٹ ضروری ہے۔ طویل عرصے سے زیرِ انتظار اس پروجیکٹ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے اپنی انتھک محنت اور عزم پر گورنر Hochul (ہوکل)، Janno Lieber (جینو لیبر)، Demetrius Crichlow (ڈیمٹریس کرچلو)، Jamie Torres-Springer (جیمی ٹوریس-اسپرنگر) اور Quemuel Arroyo (کیمیول اروِیو) کا شکریہ۔"

بروکلین بورو کے صدر Antonio Reynoso (انتونیو رینوسو) نے کہا، "روزانہ ہمارے سب وے نظام پر انحصار کرنے والے، نیو یارک کے شہریوں کے لیے رسائی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ بورو ہال یہاں بروکلین میں شہری زندگی کا ایک مرکزی مقام ہے، اور اب جبکہ یہ اسٹیشن مکمل طور پر قابلِ رسائی ہے، تو مسافر میری ٹیم اور آس پاس کے اداروں کی جانب سے فراہم کی جانے والی متعدد خدمات اور پروگراموں تک زیادہ آسانی سے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ معذوری کے ساتھ باوقار شناخت کا مہینہ منانے کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے، میں قابلِ رسائی سہولیات کو ترجیح دینے اور ہر مسافر کی ضروریات پوری کرنے والا ٹرانزٹ نظام تعمیر کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) اور MTA کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

نیو یارک سٹی کونسل (New York City Council) کے رکن Lincoln Restler (لنکن ریسلر) نے کہا، "مجھے خوشی ہے کہ بورو ہال سب وے اسٹیشن اب ADA کے مطابق مکمل طور پر قابلِ رسائی ہے۔ تین نئی لفٹس نقل و حرکت میں مشکلات کا سامنا کرنے والے افراد، اسٹرولر استعمال کرنے والے والدین، اور ہمارے مصروف ڈاؤن ٹاؤن بروکلین کے مرکز میں سیڑھیاں استعمال کرنے کے سلسلے میں مدد کے محتاج ہر شخص کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ اسے ممکن بنانے اور اسٹیشن میں نصب کیے گئے شاندار نئے عوامی آرٹ ورک پر MTA کا شکریہ۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ایک ای میل ارسال کریں۔